# Prime Minister's Telephone Conversation with Crown Prince Mohd. Bin Salman of Saudi Arabia

March 17, 2020

---

## وزیر اعظم کا سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کے ساتھ ٹیلی فون پر گفتگو

17 مارچ، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ عالی جناب محمد بن سلمان کے ساتھ ٹیلیفون پر بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے کووڈ - 19 وبائی مرض سے متعلق عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نے اس عالمی چیلنج کو مناسب طریقے سے نمٹنے کے لئے مربوط کوششوں کی ضرورت پر زور دیا، جس نے نہ صرف کئی لاکھ افراد کی صحت اور خوشحالی کو متاثر کیا ہے بلکہ دنیا کے متعدد حصوں میں معیشت کو بھی بری طرح متاثر کرنے کا خطرہ لاحق ہے۔

اس تناظر میں، وزیر اعظم نے سارک ممالک کے مابین ویڈیو کانفرنس کے انعقاد کے لئے ہندوستان کے حالیہ اقدام کا ذکر کیا۔

دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ جی 20 کے سربراہ کی حیثیت سے سعودی عرب کی سرپرستی میں جی 20 کے رہنماؤں کی سطح پر بھی اسی طرح کی کوشش عالمی سطح پر دو طرح سے مفید ہوگی، ایک تو عالمی وبا کووڈ 19 سے پیدا ہونے والے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مخصوص اقدامات پر تبادلہ خیال کے لئے اور دوسری طرف عالمی آبادی میں اعتماد پیدا کرنے کے لئے بھی۔

وزیر اعظم اور ولی عہد شہزادہ نے فیصلہ کیا کہ ان کے حکام اس سلسلے میں قریبی رابطے میں رہیں گے۔

**نئی دہلی**

**17 مارچ، 2020**

**DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.**